A Publication of Majlis Khuddamul Ahmadiyya Canada

MAY 2026

# AN NIDA

## KHILAFAT






AN-NIDA MAGAZINE

A publication of MKAC - Since 1989













# CONTENTS








## Publication Team

**Sadr Majlis**
Murabbi Shahrukh Rizwan Abid

**Chief Editor**
Murabbi Abdul Noor Abid

**English Editor**
Abdal Ahmad Mangat

**Muhtamim Isha'at**
Murabbi Rezwan Mohammad

**Review Board**
Murabbi Sadiq Ahmed

**Urdu Editor**
Hasoor Ahmad Eqan

**Content & Creative Team**
Hannan Ahmad Qureshi
Ataul-Karim Gohar
Asad Ali Malik
Samar Faraz Khawaja
Frasat Ahmad Basharat
Hazqeel Khan

HOLY
# QURAN

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اَطِيْعُوا اللّٰهَ
وَاَطِيْعُوا الرَّسُوْلَ وَاُولِى الْاَمْرِ مِنْكُمْ

**“O ye who believe! obey Allah, and obey His Messenger and those who are in authority among you”**

(4:60)

# HADITH

مَا كَانَتْ نُبُوَّةٌ قَطُّ إِلَّا تَبِعَتْهَا خِلَافَةٌ

**"There had not been any Prophethood which was not succeeded by Khilafat."**

*(Kanz al-Ummal, Hadith 32246)*



EXCERPT

# PROMISED MESSIAH عليه السلام

"You who claim to possess understanding! Know that this world is not eternal, so take hold of yourselves. Eschew all immoderation and abstain from every type of intoxicant. It is not alcohol alone that ruins a person. Opium, ganja, charas, bhang, tarhi (palm wine) and all other addictions are similarly destructive. They ruin the mind and destroy lives. So, shun all such substances. I cannot understand why one would choose to indulge in these intoxicants when, year on year, they claim the lives of thousands of addicts—not to mention the torment of the hereafter."

**(Noah's Ark, pp. 115-114)**



خلافت


GUIDANCE FROM

# HUZOOR ANWAR

MAY ALLAH BE HIS HELPER

"The only way that Khilafat is now possible is through the Khilafat of the Promised Messiah (peace be upon him). If all the leaders of the Muslim countries and the entire Muslim Ummah unanimously agree upon an individual as the Khalifa and associate themselves with him by means of bai'at, then the Ahmadiyya Muslim Jama'at will most certainly be prepared to consider accepting such a Khalifa and associating with him through bai'at along with the entire ummah. But they cannot do this. They cannot do so. They simply cannot ever do so!"

("Unveiling the story behind the great challenge, alhakam.org, 25 December 2020)



# THE ROPE OF ALLAH

**"And hold fast all together to the rope of Allah"**
**(3:104)**

**By Faaran Muhammad Aladin**
**5th year Jamia Student**

# Khilafat and materialism are inextricably linked to each other. The lack of one being the direct cause of the other.

Among the last few words of advice of the Holy Prophet (sa) before he passed away were:

إِنِّي لَسْتُ أَخْشَى عَلَيْكُمْ أَنْ تُشْرِكُوا بَعْدِي

"I don't fear that you would commit shirk after me,"

وَلَكِنِّي أَخْشَى عَلَيْكُمُ الدُّنْيَا أَنْ تَنَافَسُوهَا

"Rather I fear upon you this world (i.e materialism), that you strive against one another for it"

(Sahih al-Bukhari 1344).

The Muslims had the Holy Quran, they had the Sunnah. What is it that they were going to lose that would cause them to fall right back into worldliness? Is the Book of God and the teachings of The Prophet (sa) not enough for us?

Khilafat and materialism are ***inextricably linked to each other. The lack of one being the direct cause of the other.*** Allah the Almighty states in the Holy Quran:

وَاعْتَصِمُوْا بِحَبْلِ اللّٰهِ جَمِيْعًا


"And hold fast all together to the rope of Allah"

(3:104)

Hazrat Khalifatul Masih-IV (rh) explained this verse in a very eloquent manner. He stated that 'Habl' (meaning 'rope'), refers to Khilafat, and just like a rope connects two points together, the rope of Khilafat connects two endpoints; man & his Creator (Friday Sermon, 13th November, 1987).

If this rope becomes detached from God, then man is no longer pulled towards Him, and as Huzoor states, this rope then becomes utterly useless. Not worthy of even being called Khilafat.

And this is exactly what the Holy Prophet (sa) forewarned about. Modern historians label the leaders after the Khulafa-e-Rashideen as 'Caliphs', the Umayyad Caliphate, Abbasid Caliphate, and so on, but the Holy Prophet (sa) considered them so detached from God and conversely attached to the world that he instead named them, not Caliphs, but مُلْكًا عَاضًّا وَجَبْرِيَّةً, dividing and tyrannical monarchies (Ahmad ibn Hanbal 18406).



Their purpose was no longer to assist man in reaching God. Rather, the rope was reattached from the throne of the Almighty to the earthly roots of this materialistic world, so that all those who held on to it were led in the same direction–towards the darkness of materialism.

And the truth is that once this rope becomes detached from God, then He & only He can reattach it. Only He can bring back true Khilafat. And that's why time & time again the Muslims have tried and utterly failed to establish this Divine System. The 'Khilafat' Movement from 1919-1924, failed. The Sharifian Caliphate from 1924-1925, failed. The Abu Issa Caliphate from 1993-2014, failed.

And what about the people who held on to this fallen rope? What happened to them? What happened to them was exactly what the Holy Prophet (sa) had predicted beforehand. He stated:

عُلَمَاؤُهُمْ تَحْتَ أَدِيمِ السَّمَاءِ

Their scholars are the absolute worst people under heaven (Mishkat al-Masabih 276), and so what do you even have left after losing all of your Deen, except Duniya?

So what is the only spiritual light that can deliver us from this darkness? Well, if a corrupt, self-appointed concept of Khilafat threw us into it, then only a true, divinely appointed Khilafat can pull us out.

Their prayers, their clothes, their words, their being all illuminate divine light. This is why The Promised Messiah (as) has likened this Khilafat, in the Will, to the second manifestation of God's power. This is why Hazrat Musleh Maud (ra) was described in these words: "As if God descended onto the Earth" (The Green Announcement). It is through this light and this light alone, that the spiritually blind begin to see & the spiritually dead are risen to life.

It is by witnessing & experiencing the illuminating attributes of God, reflected through the light of Khilafat, that the love of Allah penetrates the heart and begins to transcend over all worldly desires.





# SURAH AL KAHF
# SOLUTION TO GLOBAL CHALLENGES

**The world as we know it today is at a crossroads**; millions are struggling to find their identity, materialism is encapsulating all aspects of our lives like an evergrowing shadow, and oppression and corruption are creeping their way into every social and political sphere of life. The crisis that presents itself in this day and age is one led solely by the machinations of Satan and his comrades. But just as darkness cannot exist without light, surely there must be a solution that addresses the darkness of evil surrounding us; that remedy lies in the 18th chapter of the Holy Quran, Surah al Kahf—a solution to global challenges.

The first lesson of Surah al Kahf lies in the story of the **People of the Cave**, believers in the Unity of God from early Christianity who were persecuted for their faith. This account has been beautifully put into words by the Muslim scholar Fakhruddin Razi, who stated in his commentary Tafsir al-Kabir under this chapter:

"The youth symbolize the triumph of divine grace over worldly power. Their sleep in the cave is a metaphor for spiritual preservation through the mercy of Allah, demonstrating that God alone safeguards His devoted servants" (Tafsir al-Kabir, Vol. 17, p. 154).

In the modern-day era of societal pressures and expectations that do not necessarily conform with the religious principles of morality and faith that Islam presents, it can be difficult to stand as the 'odd one out', but this story serves to remind us to not only find our identity but also act in accordance with it. It is then that God will bestow His blessings upon us, as He did upon the People of the Cave in the following words:

وَزِدْنٰهُمْ هُدًى ۝ وَرَبَطْنَا عَلٰى قُلُوْبِهِمْ

"And We increased them in guidance. And We strengthened their hearts"
(The Holy Quran, 18:14–15).

This lesson is especially pertinent to those Ahmadis around the globe who are constantly persecuted for their mere profession of belief in the Promised Messiah (as). Hazrat Khalifatul Masih V (aa) has shed light on this issue in his Friday Sermon from March 7, 2014, and stated:

"The opponents of the Ahmadiyya Muslim Community try to extinguish our light through the cruelest means… But they do not realize that this Community is supported by God Himself. Every act of persecution only strengthens our resolve and turns our attention ever more to the threshold of our Lord."

If one fails to steer clear from the forces of materialism, it inevitably leads to arrogance and a sense of forgetfulness of the Creator of the heavens and the earth, and this is the most apparent takeaway from the second story presented in Surah al Kahf: the man with the two gardens. God bestowed immense wealth and riches to one man in the form of two gardens, while the other, although not enjoying an extravagant life, turned to his Lord and found evermore contentment in this.

Over time, the black stain of pride grew on the arrogant man's heart to the point

where he unshamefully uttered:

مَا أَظُنُّ أَنْ تَبِيْدَ هٰذِهٖٓ أَبَدًا

"I do not think this will ever perish"
(The Holy Quran, 18:36).

Just a few verses later, the consequences of his pride became apparent when God the Almighty decreed this man's fate in the following words:

وَأُحِيْطَ بِثَمَرِهٖ فَأَصْبَحَ يُقَلِّبُ كَفَّيْهِ عَلٰى مَا أَنْفَقَ فِيْهَا وَهِيَ خَاوِيَةٌ عَلٰى عُرُوْشِهَا

"And his fruit was actually destroyed, and he began to wring his hands for what he had spent on it, and it had all fallen down on its trellises…" (The Holy Quran, 18:43).

Ponder how suddenly all the wealth and riches which he once enjoyed were snatched away from him in the blink of an eye.

Another important principle that can be deduced from this account of the Holy Quran is the juxtaposition between the love of the world and love of God. Expounding upon this, the Promised Messiah (as) states in Malfuzat:

"It is not possible that you should love the world and also love God. You can love only one of the two. Fortunate is he who gives up the world to attain God"
(Malfuzat, Vol. 1, p. 14).

It is clear that God the Almighty desires to bring His servant under the lamp of humility and away from the engulfing darkness of the self-reliant, frail human ego, and this is moreso emphasized in the third account of this chapter of the Holy Quran, which is the story of Prophet Moses (as) and Khidr. Both of these individuals embarked on a journey, during which Moses' companion committed three seemingly unjust acts—damaging a boat, killing a boy, and repairing a broken wall. It was later revealed to Prophet Moses (as) that these acts were carried out under Divine command, i.e. something that transcended the limited scope of the human realm.

This account speaks directly to the idea or notion that has held sway onto the minds of many modern-day philosophers and atheists, which is that human knowledge is more than sufficient and capable of leading an individual to their desired goal. In other words, science and human rationale are seen as the ultimate sources of truth. However, the Promised Messiah (as) has challenged this viewpoint in a beautiful Persian couplet:

ہست حمق و عقل پندارند خلق
کبر شہر عقل را ویراں کند

"Reason is folly, and folly is reason in the eyes of people; pride will only ruin the city of intellect" (Barahin-e-Ahmadiyya, Vol. 3, p. 174).



Relying on human reasoning without Divine guidance is like a lantern without a flame—although meticulously and beautifully crafted, it remains utterly useless in the dark. It is only when that lantern is illuminated with a radiant flame that one may utilize it in its proper fashion. In the same way, human intellect must be coupled with the Divine flame of revelation to lead one to the ultimate truth.

The final account in Surah al Kahf is that of Dhul Qurnain, a just leader who upheld moral principles and prioritized Divine will, and who inevitably faced the evil forces of Gog and Magog who sought to create disorder in the land. In the modern world, the crux of all global issues boils down to corruption found rampant amongst the foreign leaders who consolidate power for their own benefit; this is, in essence, the manifestation of Gog and Magog. True leadership, as we see from this account of Surah al Kahf, is about giving the people a voice, supporting social welfare, and fighting the dark forces that lurk throughout all spheres of politics.

Additionally, this form of leadership is not just catered to the wealthy political figures of the upper class; rather, anyone who bears the burden of responsibility, no matter on how small a scale, is addressed in this account. As the Holy Prophet (sa) has stated:

كُلُّكُمْ رَاعٍ وَكُلُّكُمْ مَسْؤُولٌ عَنْ رَعِيَّتِهِ

"Each of you is a shepherd, and each of you is responsible for his flock"
(Sahih al-Bukhari).

The implications of the lessons derived from the story of Dhul Qurnain are as prevalent as ever, and this further lends hand to the truthfulness of the Holy Quran being a source of guidance for all times.

When analyzing these four accounts from Surah al Kahf as a whole, a central theme emerges that can be better understood through a saying of the Holy Prophet (sa):

مَنْ حَفِظَ عَشْرَ آيَاتٍ مِنْ أَوَّلِ سُورَةِ الْكَهْفِ عُصِمَ مِنَ الدَّجَّالِ

"Whoever commits to memory the first ten verses of Surah al Kahf will be protected from (the trial of) Ad-Dajjal (Antichrist)" (Sahih Muslim).


In essence, Surah al Kahf gives a comprehensive description of the cunning nature of Dajjal and how its forces penetrate into all aspects of our lives in this day and age. But at the same time, the solution is also clear; whether one is struggling with discovering one's identity, or clashing between forces of arrogance and humbleness in the mind, or experiencing difficulty with relying on Divine wisdom, or seeing emerging patterns of corruptness in political leadership—Surah al Kahf serves, and will always continue to serve, as a solution to all global challenges we face in this day and age.


**By Raiyan Pal**
**5th year Jamia Student**


**Khilafat** is the sign of **Tawhid**. Because Khilafat is bestowed upon **Ahmadiyyat,** we can keep the entire **world** together on **one hand.** And this is what the rest of the **Muslims** are **missing.**

**HAZRAT KHALIFATUL MASIH IV[RH]**

("The Gulf War & The New World Order: Quotations from Sermons", www.alislam.org )


AHMADIYYA
ARC
ARCHIVE & RESEARCH CENTRE









"I feel that this period of adversity and decline and these repeated miseries are the consequence of the Muslim denial of his Holiness – the Promised Messiah (as). There is no doubt about it. Therefore, my message to you is that you should submit yourselves to the Imam of the Age. Accept that one, who was sent by God. He is the one who has the ability to lead you. […] So, turn back and establish your contact with the Divine Leadership. After denying the leadership established by God, no path of peace and prosperity is left open for you…"

**HAZRAT KHALIFATUL MASIH IV[RH]**

("The Gulf War & The New World Order: Quotations from Sermons", www.alislam.org )




خلافت
JALSA KHILAFAT
THE REPORT



*By the sheer Grace of Allah Almighty, Majlis Khuddamul Ahmadiyya Canada granted the opportunity to hold its Jalsa Khilafat on the 7th of February 2026. Alhamdulillah!*

This Jalsa was *unique* in its organization, as instead of following the traditional program format, it was designed keeping in mind the interests of the younger generation. The program highlighted all eras of *Khilafat-e-Ahmadiyya.* The program commenced with the recitation of the Holy Qur'an, followed by the English and Urdu translations. A nazm was then presented along with its English translation. After this, a short video introducing each era of Khilafat was shown, followed by a presentation of the prominent events that took place during that respective period. In this way, from the first Khilafat to the fifth Khilafat, a comprehensive overview of the blessed historical journey of Khilafat-e-Ahmadiyya was presented.

*At the conclusion of the program*, Missionary In-Charge Respected Sohail Mubarik Sharma Sahib delivered a brief address on the importance of Khilafat-e-Ahmadiyya and led the concluding silent prayer.

A total of *1,842* Khuddam, *821* Atfal, and *56* Ansar attended this program. The event was broadcast live on YouTube, and so far, more than 6,500 people have viewed it. More than 300 volunteers had the opportunity to serve day and night in various departments including setup/windup, parking, security, hospitality, audio-video, and other areas to make this Jalsa successful. Special mention should be made of the audio and video department, whose volunteers worked with great effort to prepare all of the videos and collect photographs.















*Very positive feedback was received from all attendees regarding this program. Humble prayers are requested that may Allah the Almighty grant the best reward to all volunteers and participants, and as a result of this Jalsa, may He firmly instill in the hearts of the Khuddam and Atfal the love and importance of Khilafat-e-Ahmadiyya. Ameen!*

# HAZRAT KHALIFATUL MASIH IV[RH] STATES

"...Let me assure you that to whatever extent the matters may have worsened, if you submit today before the leadership established by God, then not only will you rise as a great power in the world, but such a great movement of the new supremacy of Islam will be set in motion that no power in the world will be able to confront it and the progress which appears to spread over centuries will become a matter of years.

("The Gulf War & The New World Order: Quotations from Sermons", www.alislam.org )




JALSA
KHILAFAT
THE UNTOLD STORIES OF KHILAFAT
WATCH LIVE STREAM
WATCH SPECIAL DOCUMENTARY BY MTA CANADA

مجلس خدام الاحمدیہ کینیڈا کا ماہوار رسالہ
مئی 2026

# النداء



AN-NIDA
MAGAZINE

مجلہ النداء شائع کردہ مجلس خدام الاحمدیہ کینیڈا سنہ ۱۹۸۹





04
قال اللہ



05
قال الرسول ﷺ



06
کلام الامام امام الکلام



08
فرمان خلیفۂ وقت

# فہرست









## اشاعت ٹیم


صدر مجلس
شاہ رخ رضوان عابد صاحب مربی سلسلہ

مُدیر اعلیٰ
عبد النور عابد صاحب مربی سلسلہ

مدیر اردو
حصور احمد ایقان صاحب

مہتمم اشاعت
رضوان محمد صاحب مربی سلسلہ

مدیر انگریزی
ابدال احمد مانگٹ صاحب

ریویو بورڈ ٹیم ممبران
صادق احمد صاحب مربی سلسلہ

ٹیم ممبران
عطاء الکریم گوہر صاحب
اسد علی ملک صاحب
ثمر فراز خواجہ صاحب
فراست احمد بشارت صاحب

ڈیزائن
حنان احمد قریشی صاحب

# قال اللّٰه

## وَلَيُبَدِّلَنَّهُمْ مِّنْۢ بَعْدِ خَوْفِهِمْ اَمْنًا

اُن کی خوف کی حالت کے بعد ضرور اُنہیں امن کی
حالت میں بدل دے گا۔

(سورۃ النور، آیت ۵۶)

# قال الرسول صلی اللہ علیہ وسلم

عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ يَرْوِيهِ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صلى الله عليه وسلم مَنْ رَأَى مِنْ أَمِيرِهِ شَيْئًا يَكْرَهُهُ فَلْيَصْبِرْ فَإِنَّهُ مَنْ فَارَقَ الْجَمَاعَةَ شِبْرًا فَمَاتَ مِيتَةً جَاهِلِيَّةٌ .

حضرت ابن عباسؓ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جو شخص اپنے امیر میں ایسی بات دیکھے جسے وہ ناپسند کرتا ہے تو صبر کرے کیونکہ جو جماعت سے ایک بالشت علیحدہ ہوا اور وہ مر گیا تو وہ جاہلیت کی موت ہو گی۔

(صحیح مسلم, کتاب الإمارة, باب نمبر ١٣, حدیث نمبر ٣٤٢٤)



# کلام الامام امام الکلام

فرمان حضرت مسیح موعودؑ

خلیفہ جانشین کو کہتے ہیں اور رسول کا جانشین حقیقی معنوں کے لحاظ سے وہی ہو سکتا ہے جو ظلی طور پر رسول کے کمالات اپنے اندر رکھتا ہو

(روحانی خزائن جلد 6، شہادت القرآن، صفحہ 353)



خلافت

# فرمانِ خلیفۂ وقت

خلیفۂ وقت تو راتوں کو اٹھ کر اپنی نمازوں میں افراد
جماعت کے لیے دعا کرتا ہے۔ کیا کوئی بادشاہ ایسا ہے
جو یہ عمل کرتا ہو؟

(خطبہ جمعہ فرمودہ 30 مئی 2025)




# خطباتِ امام

تحریز از مدثر عرفان، مجلس مقامی



# خلیفہ وقت کے خطبات کی روحانی تاثیرات
## ایمان تازہ کردینے والے واقعات

جب اللہ تعالیٰ نے حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کو اپنی وفات کا وقت قریب ہونے کی خبر دی تو آپؑ نے رسالہ الوصیت تحریر فرمایا اور اس میں جماعت کو وہ عظیم الشان پیغام دیا جو خلافت کی بنیاد ہے۔ آپؑ نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ کی قدیم سنت یہ ہے کہ وہ دو قدرتیں دکھاتا ہے تا کہ مخالفوں کی دو جھوٹی خوشیوں کو پامال کرے۔ آپؑ نے اپنے ماننے والوں کو تسلی دیتے ہوئے فرمایا کہ میری جدائی سے تمہارے دل غمگیں اور پریشان نہ ہوں کیونکہ تمہارے لیے دوسری قدرت کا دیکھنا بھی ضروری ہے اور وہ دائمی ہے جس کا سلسلہ قیامت تک منقطع نہ ہوگا۔ آپؑ نے فرمایا:

”میں خدا کی طرف سے ایک قدرت کے رنگ میں ظاہر ہوا اور میں خدا کی ایک مجسم قدرت ہوں، اور میرے بعد بعض اور وجود ہوں گے جو دوسری قدرت کا مظہر ہوں گے۔

(الوصیت روحانی خزائن جلد 20 صفحہ 306)

آپؑ کے وصال کے بعد اللہ تعالیٰ نے قدرت ثانیہ یعنی خلافت کی صورت میں جماعت کی راہنمائی اور نگہبانی کا سلسلہ شروع کیا اور یہ سلسلہ قیامت تک جاری رہے گا۔ آج دنیا کے ہر کونے میں جو جماعت کی ترقی کے نظارے نظر آرہے ہیں وہ اس وعدے کی زندہ تصویریں ہیں۔

آج حضرت مسیح موعودؑ کا پیغام سن کر مختلف مذاہب، رنگ، نسل اور زبانوں کے لوگ آپؑ کے ہاتھ پر جمع ہو رہے ہیں۔ ۲۱۰ ممالک کے لوگوں میں حضرت مسیح موعودؑ کے لیے اور خلافت کے لیے جو محبت ہے وہ آپؑ کے حق میں اللہ تعالیٰ کا ایک زبردست تائیدی نشان ہے اور اس بات کی دلیل ہے کہ آپؑ یقیناً وہی مسیح اور مہدی ہیں جن کے آنے کی آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے پیشگوئی فرمائی تھی۔

دشمن کی بھرپور کوششوں کے باوجود جماعت آگے سے آگے بڑھتی چلی جارہی ہے۔ بلکہ ہمیشہ کی طرح خدا تعالیٰ لوگوں کے دلوں میں جو دُور دراز ملکوں میں بیٹھے ہیں، جنہوں نے کبھی کسی خلیفہ کو دیکھا بھی نہیں ہے خود راہنمائی فرماتے ہوئے خلافت کے جھنڈے تلے آنے کی ہدایت دیتا ہے۔ مسلمانوں میں بھی اور غیر مسلموں میں بھی ایسے سینکڑوں ہزاروں لوگ ہیں جن کے سینے اللہ تعالیٰ کھولتا ہے۔ اور حضرت مسیح موعود علیہ السلام سے جو وعدہ فرمایا اسے پورا کرتے ہوئے ہر روز جماعت کی تائید و نصرت کے نظارے دکھاتا ہے۔ اور اللہ تعالیٰ نے خلافت قائم رکھنے کا وعدہ فرمایا تو کس طرح لوگوں کے دلوں میں خطبات کے ذریعہ خلافت سے تعلق اور اس سے جڑے رہنے کے جذبات پیدا فرماتا ہے۔ اس بارے میں بعض لوگوں کے واقعات ناظرین کے ایمان کو تازہ کرنے ذیل میں درج ہیں جن سے خلافت احمدیہ کے ساتھ اللہ تعالیٰ کی تائید اور اس کے وعدے پورے ہونے کا نظارہ ہم دیکھتے ہیں۔

(از خطبہ جمعہ 24 مئی 2024ء فرمودہ حضرت مرزا مسرور احمد، خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز)

## برکینا فاسو

افریقہ کے ملک برکینا فاسو کا ایک واقعہ ہے جو اس بات کی گواہی دیتا ہے کہ خلافت سے محبت کا جذبہ کسی انسان کی تعلیم یا ذہانت کا نتیجہ نہیں بلکہ یہ اللہ تعالیٰ کا براہ راست فضل اور عطا ہے۔

وہاں کے معلم لکھتے ہیں کہ جب جماعت میں پہلی بار ایم ٹی اے لگایا گیا اور لوگوں نے پہلی بار اپنے خلیفہ وقت کو اپنی آنکھوں سے دیکھا تو ان کی آنکھیں اشکبار تھیں اور خوشی ان کے چہروں سے چھلک رہی تھی۔ کچھ دنوں بعد ایک وفد آیا اور ایم ٹی اے کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ ہم خلیفہ وقت سے ملاقات کے لیے خود تو جا نہیں سکتے لیکن ایم ٹی اے پر انہیں دیکھ کر ہماری آنکھوں کو ٹھنڈک اور دلوں کو سکون ملتا ہے اور اب یہ ہمارا روزانہ کا معمول بن گیا ہے کہ اس ذریعے سے ہم روز خلیفہ وقت سے ملاقات کرتے ہیں۔ یہ وہ لوگ ہیں جنہوں نے کبھی خلیفہ سے ملاقات نہیں کی، ایک ہی زبان بھی نہیں بولتے، لیکن محبت کا وہ رشتہ جو اللہ تعالیٰ دلوں میں پیدا کرتا ہے وہ ان تمام فاصلوں کو مٹا دیتا ہے۔

برکینا فاسو کا ایک اور واقعہ جو دل کو ہلا کر رکھ دیتا ہے۔ ایک معلم بیان کرتے ہیں کہ ایک علاقے میں کافی تبلیغ کے باوجود کوئی نتیجہ نہ نکلا۔ جاتے وقت کچھ لوگوں کو کہا کہ جب شہر آئیں تو ملنے آئیں۔ کچھ دنوں بعد بون صاحب آئے تو انہیں ایم ٹی اے لگا دیا۔ تھوڑی دیر بعد جب انہوں نے ایم ٹی اے پر حضور انور کو دیکھا تو بے اختیار بول اٹھے کہ اس شخص کو تو میں پہلے ہی خواب میں دیکھ چکا ہوں۔ اور پھر بغیر کسی اور دلیل کے انہوں نے اسی وقت احمدیت قبول کرلی۔ واپس جا کر گاؤں والوں کو بتایا تو کافی اور لوگوں نے بھی احمدیت قبول کرلی اور اب وہاں ایک مضبوط جماعت قائم ہو چکی ہے۔

## گیمبیا

گیمبیا سے امیر صاحب ایک نہایت دلچسپ واقعہ بیان کرتے ہیں۔ سامبا نامی ایک موٹر مکینک نے اتفاقاً ایم ٹی اے پر خلیفہ وقت کو خطاب کرتے یا خطبہ سنتے ہوئے دیکھا۔ یہ سادہ سا کاریگر کوئی عالم نہیں تھا، کوئی مذہبی طالب علم نہیں تھا، لیکن اس نے جو دیکھا اس نے اس کے دل کی گہرائیوں کو چھو لیا۔ وہ بے اختیار بول اٹھا کہ اس شخص کو خدا تعالیٰ کی حمایت حاصل ہے، اس میں کوئی شک نہیں۔ اور پھر اسی یقین کے ساتھ انہوں نے اپنے خاندان کے چودہ افراد سمیت بیعت کرلی۔ بعد میں جب ان کے کاروبار میں بھی برکت آئی تو انہوں نے کہا کہ یہ سب احمدیت کی وجہ سے ہے، اس میں کوئی شک نہیں کہ احمدیت اندھیرے کے لیے ایک روشن سورج کی مانند ہے۔ ایک موٹر مکینک کی زبان پر یہ الفاظ——یہ وہ بصیرت ہے جو اللہ تعالیٰ خود عطا کرتا ہے۔

گیمبیا کا ایک اور واقعہ اللہ تعالیٰ کی قدرت کا ایک خاص نمونہ ہے۔ گیمبیا کے ایک علاقے کرنگور میں جب جماعت کا قیام ہوا تو الحاجی فائے صاحب نے سخت مخالفت کی۔ جماعتی لٹریچر کو ہاتھ لگانا بھی گوارا نہ کرتے تھے۔ لیکن ہمارے داعیان نے ہمت نہ ہاری اور انہیں اس بات پر راضی کرلیا کہ صرف ایک بار مشن ہاؤس چلیں، کوئی تبلیغ نہیں ہوگی۔ جب وہ آئے تو کہنے لگے کہ میں کلاس میں نہیں جاؤں گا، ٹی وی والے کمرے میں بیٹھ جاتا ہوں۔ انہیں وہیں بٹھا کر ایم ٹی اے لگا دیا گیا اور باقی سب کلاس کے لیے مسجد چلے گئے۔ جب کلاس کے بعد واپس آئے تو اس شدید مخالف کی زبان سے یہ الفاظ نکلے کہ یہ شخص جھوٹا نہیں، یہ خلافت تو مجھے سچی لگتی ہے، اب میرے لیے پیٹھ پھیرنا ممکن نہیں۔ اور پھر وہ اپنے خاندان کے دس افراد سمیت جماعت احمدیہ میں داخل ہو گئے۔

## جرمنی

سیکرٹری تبلیغ جرمنی ایک عرب دوست کا واقعہ بیان کرتے ہیں۔ وہ تبلیغی سٹال پر آئے، قرآن کریم کا جرمن ترجمہ لے گئے اور رابطے کے لیے اپنا نمبر بھی دیا۔ جلسہ سالانہ جرمنی کی دعوت ملی تو اپنے امتحان کی وجہ سے خود نہ آسکے اور اپنے بڑے بھائی اور ایک فیملی ممبر کو بھجوا دیا۔ جلسے پر حضور انور کی تقریر سننے کے بعد ان کے بھائی نے کہا کہ یہ شخص یقیناً خدا تعالیٰ کا تائید یافتہ ہے، اللہ تعالیٰ نے ان کے دل میں یہ بات ڈال دی کہ خلافت سچی ہے اور انہوں نے اسی رات بیعت فارم پُر کر کے جماعت احمدیہ میں شمولیت اختیار کرلی۔ دوسرے فیملی ممبر نے پہلے دن بیعت نہیں کی لیکن جب تکفیر کے موضوع پر ایک اور عرب دوست کے سوال کا تفصیلی جواب انہوں نے سنا تو ان کی بھی تسلی ہو گئی اور انہوں نے بیعت کی تقریب سے قبل ہی بیعت فارم بھر کر دستی بیعت کرلی۔

## نائیجیریا

نائیجیریا کے مبلغ کہتے ہیں۔ ایم ٹی اے دیکھنے کے لیے بہت ساری جگہوں پر ڈشیں لگائی گئی ہیں لوگ وہاں خطبات دیکھتے۔ وہ کہتے ہیں ایک شخص نے کہا کہ مجھے جماعت کے متعلق بہت اعتراضات تھے اور دلی تسلی نہیں ہوتی تھی لیکن امام جماعت احمدیہ کا خطبہ سنا اور قدرتی طور پر میرا دل تسلی پا گیا۔ مجھے حقیقی اسلام مل گیا ہے اور سارے اعتراضات ختم ہو گئے اور میں نے جماعت میں شمولیت اختیار کرلی۔

## کیمرون

کیمرون کے شہر گوانڈیرے میں آٹھ فیملیوں نے بیعت کی۔ ان میں ایک نوجوان عبدالرحمٰن ہے جو اولیول کا طالب علم ہے۔ وہ خلیفہ وقت کے خطبات اس قدر شوق سے سنتا ہے کہ ہر جمعے کو اپنے سکول ٹیچر سے کہتا ہے کہ مجھے گھر خطبہ سننے کے لیے جانا ہے، سکول چھوڑ سکتا ہوں لیکن خطبہ جمعہ نہیں چھوڑ سکتا۔ اس کے والد نے بتایا کہ ہر جمعہ کو سکول چھوڑ کر ایم ٹی اے پر خطبہ سننے آتا ہے۔ خود عبدالرحمٰن کہتا ہے کہ خطبہ سننے سے میرا ایمان اور علم بڑھتا ہے اور پہلے جو بھی غلط کام کرتا تھا وہ سب چھوڑ دیے ہیں۔

## قرغیزستان

قرغیزستان کے سلطان صاحب کا واقعہ ہے۔ ان کے بیٹے اور اہلیہ پہلے احمدی ہو چکے تھے۔ ۲۰۱۷ء سے وہ ہر جمعہ کو جماعتی مشن ہاؤس جانے لگے۔ مشن ہاؤس تقریباً بارہ کلومیٹر دور تھا اور گاڑی میں جاتے ہوئے وہ ہمیشہ خلیفہ وقت کے خطبے کی ریکارڈنگ سنتے۔ وہ کہتے ہیں کہ جب بھی یہ خطبات سنتا تو میرے احساسات بہت مضبوط ہوتے جاتے۔ پھر ۲۰۲۲ء میں رمضان المبارک کے اختتام پر عید کے دن انہوں نے بیعت کی۔ کہتے ہیں کہ میں نے مختصراً لکھا ہے لیکن جو کچھ میرے اندر روح میں ہو رہا ہے اسے الفاظ میں بیان نہیں کیا جا سکتا۔ ہر جمعہ کی نماز میرے لیے مسلسل کچھ نہ کچھ نیا راستہ کھول رہی ہوتی ہے۔ یہ وہ روحانی سفر ہے جو بارہ کلومیٹر کے جسمانی سفر سے شروع ہوا اور روح کی گہرائیوں تک اتر گیا۔

## گنی بساؤ

گنی بساؤ کا عثمان بالڈے صاحب کا واقعہ بھی انتہائی ایمان افروز ہے۔ یہ خود مخالفت کے ارادے سے آئے تھے اور علاقے میں جماعت کی مخالفت کی تنظیم کے لیے مولویوں کو اکٹھا کر کے لائے تھے۔ لیکن ہمارے معلم نے کہا کہ مخالفت ضرور کریں مگر پہلے ایک بار ہمارا پیغام سن لیں۔ جب وہ آئے تو جمعہ کا دن تھا اور ایم ٹی اے پر خطبہ براہ راست آ رہا تھا۔ انہیں کہا گیا کہ تھوڑی دیر خطبہ سن لیں۔ انہوں نے کہا صرف تھوڑی دیر سنوں گا لیکن جب سننا شروع کیا تو وقت بھول گئے اور مکمل خطبہ سنا۔ خطبے کے بعد بولے کہ جماعت احمدیہ کافر نہیں ہو سکتی

کیونکہ آپ کے خلیفہ تو صحابہ رسولؐ کی سیرت پیش کر رہے ہیں، اور کوئی کافر جماعت یہ کام نہیں کر سکتی۔ پھر انہوں نے جماعت کی مخالفت ختم کی، اپنی پوری فیملی سمیت احمدیت قبول کی اور آج خود اپنے علاقے میں تبلیغ کرتے ہیں۔

## کونگو کنشاسا

کونگو کنشاسا کے لوکل مشنری بیان کرتے ہیں کہ ایک علاقے میں تبلیغی مہم شروع ہوئی تو بعض غیر از جماعت احباب نے منظم مخالفت شروع کر دی۔ تین ماہ بعد انہی مخالفین میں سے ایک شخص عثمان صاحب نے مشن سے رابطہ کیا کہ وہ اپنی پوری فیملی سمیت جماعت میں شامل ہونا چاہتے ہیں۔ وجہ پوچھی تو بتایا کہ ایک دن ان کی بیوی سیٹلائٹ چینل دیکھ رہی تھی تو ایم ٹی اے لگ گیا۔ جب وہ جماعت کے بارے میں غلط بولنے لگے تو بیوی نے کہا پہلے پروگرام پورا سنو پھر بولنا۔ خطبہ سننے کے بعد انہوں نے کہا کہ مجھے یقین ہو گیا کہ جو آواز آج میرے کانوں میں پڑی یہی اسلام کی حقیقی تصویر ہے اور خلیفہ کو سننے کے بعد جماعت کی سچائی میں مجھے کوئی شک نہیں رہا۔


## سینیگال

سینیگال کے عمر صاحب نے حضور انور کو لکھا کہ آپ کا خطبہ جب بھی سنتا ہوں دل میں ایک عجیب لذت کا احساس ہوتا ہے، دعا کریں کہ یہ احساس ہمیشہ رہے اور خطبہ سن کر آنکھوں میں آنسو آجاتے ہیں۔ پھر لکھتے ہیں کہ مجھے آپ سے محبت ہے، دعا کریں کہ خدا، رسولؐ، مسیح موعودؑ اور خلفاء کی محبت مجھے دنیا و مافیہا کی محبت سے بڑھ کر ہو اور پھر یہ بھی لکھتے ہیں کہ آپ کی دعا سے میرے کاروبار میں اضافہ ہوا ہے۔ ایک طرف روحانی فیض اور دوسری طرف دنیاوی برکت —— یہ ہے خلافت سے تعلق کا ثمر۔

## بیلجیم

بیلجیم سے امیر صاحب مراکش کے مصطفیٰ صاحب کا واقعہ بیان کرتے ہیں۔ انہوں نے لمبے عرصے تک احمدیت کی تحقیق کی اور پھر بیعت کی۔ وہ کہتے ہیں کہ میں نے بچپن سے ہی بہت سے علماء کی صحبت میں وقت گزارا ہے لیکن خلیفہ وقت کے خطبات نہ صرف قرآن کریم کی صحیح تفسیر ہیں بلکہ انسان کو اللہ تعالیٰ کے قریب لے جاتے ہیں۔ یہ خطبات سننے کے بعد مجھے نمازوں کا مزہ آنے لگا ہے، اللہ تعالیٰ نے مجھے سچی خوابیں بھی دکھائی ہیں اور احمدیت نے میری زندگی بدل دی ہے۔ اللہ تعالیٰ کے فضلوں کا ذکر کرتے ہوئے وہ آبدیدہ ہو جاتے ہیں۔

یہ تمام واقعات محض اتفاقی حادثات نہیں، یہ اللہ تعالیٰ کی نصرت اور تائید ہے جس کے ذریعے خلیفہ وقت کے خطبات میں روحانی تاثیرات کے نظارے ہم دیکھتے ہیں۔ حدیث میں آتا ہے کہ جب خدا کسی سے محبت کرتا ہے تو ہے یُوضَعُ لَهُ الْقَبُولُ فِي أَهْلِ الْأَرْضِ تو اللہ تعالیٰ اہل زمین کے دلوں میں اس کی مقبول بنا دیتا ہے۔) صحیح بخاری، کتاب الأدب (افریقہ کے جنگل ہوں یا یورپ کے شہر، وسطی ایشیا کی وادیاں ہوں یا بحر اوقیانوس کے جزیرے، ہر جگہ اللہ تعالیٰ خود لوگوں کے دل کھول رہا ہے اور انہیں خلافت احمدیہ کے جھنڈے تلے لا رہا ہے۔ خلافت احمدیہ کی ۱۱۶ سالہ تاریخ کا ہر دن اس بات کا گواہ ہے۔




جو مومنوں میں سے خلیفے ہوتے ہیں ان کو بھی اللہ ہی بناتا
ہے۔ان کو خوف پیش آتا ہے۔ مگر خدا تعالیٰ ان کو تمکنت
عطا کرتا ہے۔جب کسی قسم کی بدامنی پھیلے تو اللہ ان کیلئے
امن کی راہیں نکال دیتا ہے۔

(حقائق الفرقان، جلد 4، صفحہ 222)

خلافت کیا چیز ہے ؟ دنیا کی روحانی اور جسمانی اصلاح کے لئے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد آپ کی نیابت کرنی۔ اور جس طرح رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم لوگوں کی جسمانی اور روحانی اصلاح کی طرف متوجہ رہتے تھے خلیفہ کا فرض ہے کہ مخلوق خدا کا نگران رہے

(خلافۃ علی منھاج النبوۃ، جلد اول، صفحہ 9)



آخر میں خدام کو یہ نصیحت کرتا ہوں کہ وہ خلافت کی برکات کو یاد رکھیں اور کسی چیز کو یاد رکھنے کے لئے پرانی قوموں کا یہ دستور ہے کہ وہ سال میں اس کے لئے خاص طور پر ایک دن مناتی ہیں۔ مثلاً شیعوں کو دیکھ لو وہ سال میں ایک دفعہ تعزیہ نکال لیتے ہیں تا قوم کو شہادت حسینؓ کا واقعہ یاد رہے۔ اسی طرح میں بھی خدام کو نصیحت کرتا ہوں کہ وہ سال میں ایک دن خلافت ڈے کے طور پر منایا کریں۔ اس میں وہ خلافت کے قیام پر خدا تعالیٰ کا شکریہ ادا کریں اور اپنی پرانی تاریخ کو دہرایا کریں

(مشعل راہ، جلد اول، صفحہ 783)



# قوموں کی اصلاح نوجوانوں کی اصلاح کے بغیر نہیں ہو سکتی

تحریر از ثمران احمد، بیری ساؤتھ

کسی بھی قوم کی بقاء اور تسلسل کا دار و مدار اس کے نوجوانوں پر ہوتا ہے۔ قومیں اپنی شان و شوکت، دولت یا عظیم الشان تعمیرات کی وجہ سے زندہ نہیں رہتیں بلکہ ان کے باہمت، منظم اور فعال نوجوانوں کی بدولت زندہ رہتی ہیں۔ تاریخ اس بات کی گواہ ہے کہ جن قوموں نے محض اپنی ظاہری عظمت اور وقار کی فکر کی، وہ وقت کے ساتھ ساتھ نابود ہو گئیں۔ اس کے برعکس جن قوموں نے اپنے نوجوانوں کی تعلیم و تربیت پر توجہ دی، وہ آج بھی قائم و دائم ہیں۔

یہ بات بھی درست ہے کہ قوم کے بچے، بزرگ اور خواتین سبھی قومی ترقی میں اپنا کردار ادا کرتے ہیں، لیکن اس حقیقت سے انکار ممکن نہیں کہ جب کسی قوم کے نوجوان سستی اور غفلت میں مبتلا ہو جائیں تو وہ قوم زوال کی طرف گامزن ہو جاتی ہے۔

"اس قوم کی ترقی کو دنیا کی کوئی طاقت نہیں روک سکتی جس قوم کے نوجوان ذمہ دار اور محنتی ہوں، اور کسی قوم کی بربادی کے لیے یہی بات کافی ہے کہ اس قوم کے نوجوان بے فکرے اور کاہل ہو جائیں۔"

نوجوانی انسانی زندگی کا ایک انمول اور سنہری دور ہے۔ یہ وہ وقت ہوتا ہے جب انسان میں جوش، ولولہ، نئی سوچ، بے پناہ توانائی، خداداد صلاحیتیں اور انقلاب برپا کرنے کی امنگ اپنے عروج پر ہوتی ہے۔ تاریخِ عالم میں جتنے بھی انقلابات آئے، نوجوانوں کا کردار ان میں ہمیشہ نمایاں رہا ہے۔

## کلامِ اقبال—نوجوانوں کے نام

عقابی رُوح جب بیدار ہوتی ہے جوانوں میں
نظر آتی ہے اس کو اپنی منزل آسمانوں میں

نہ ہو نومید، نومیدی زوالِ علم و عرفاں ہے
اُمیدِ مردِ مؤمن ہے خدا کے راز دانوں میں

نہیں تیرا نشیمن قصرِ سُلطانی کے گنبد پر
تُو شاہیں ہے، بسیرا کر پہاڑوں کی چٹانوں میں

مذاہب کی تاریخ پر نظر ڈالیں تو معلوم ہوتا ہے کہ انبیاء علیہم السلام کی دعوت کو قبول کرنے میں نوجوان ہمیشہ پیش پیش رہے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ عمر رسیدہ افراد پرانے عقائد میں جکڑے ہوتے ہیں، جبکہ نوجوان نسل تازہ ذہن اور کھلے دل کے ساتھ نئی راہ اپنانے کی صلاحیت رکھتی ہے۔

آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ابتدائی پیروکاروں میں حضرت ابو بکر صدیقؓ، حضرت عمرؓ، حضرت عثمانؓ اور حضرت علیؓ نمایاں ہیں، جنہوں نے مصائب و مشکلات سے بھرے دور میں اسلام قبول کیا، بے شمار دشمنیاں برداشت کیں اور آخر کار خلفائے راشدین کے عظیم مرتبے پر فائز ہوئے۔

رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کے بارے میں فرمایا:

اَصْحَابِیْ كَالنُّجُوْمِ بِاَيِّهِمُ اقْتَدَيْتُمْ اهْتَدَيْتُمْ

ترجمہ: میرے صحابہ ستاروں کے مانند ہیں کہ ان میں سے جس کی پیروی کرو گے ہدایت پاؤ گے۔

## حضرت اقدس مسیح موعود علیہ السلام اور نوجوان نسل

رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ظلِ کامل مسیح آخر الزمانؑ کے اس دور میں بھی وہی مثالیں ہم دیکھتے ہیں کہ آپؑ کو بھی خدا تعالیٰ نے صحابہ کی ایک باوفا جماعت عطاء فرمائی جن میں اکثر نوجوان تھے اور انہوں نے بھی قربانیوں کی وہی مثالیں قائم کیں۔ اللہ تعالیٰ نے حضرت اقدس مسیح موعودؑ سے وعدہ فرمایا:

ینصرك رجال نوحی الیهم من السماء

ترجمہ: تیری مدد ایسے آدمی کریں گے جن کی طرف ہم آسمان سے وحی کریں گے۔

حضرت اقدس مسیح موعودؑ نے نوجوانوں کو خدمتِ دین کی طرف توجہ دلاتے ہوئے فرمایا:

"اب وقت تنگ ہے میں بار بار یہی نصیحت کرتا ہوں کہ کوئی جوان یہ بھروسہ نہ کرے کہ اٹھارہ یا انیس سال کی عمر ہے اور ابھی بہت وقت باقی ہے۔ تندرست اپنی صحت پر نازنہ کرے۔ زمانہ انقلاب میں ہے۔ یہ آخری زمانہ ہے اللہ تعالیٰ صادق اور کاذب کو آزمانا چاہتا ہے۔ اس وقت صدق و وفاء کے دکھانے کا وقت ہے۔ اور آخری موقعہ دیا گیا ہے۔ یہ وقت پھر ہاتھ نہ آئے گا۔ اس لئے صدق اور خدمت کا یہ آخری موقعہ ہے جو نوعِ انسان کو دیا گیا ہے۔ بڑا ہی بد قسمت وہ ہے جو اس موقع کو کھودے۔"

(ملفوظات جلد 6 صفحہ 263)

آپؑ نے نوجوانوں کو زمانہ شباب میں تقویٰ اختیار کرنے کی تاکید کرتے ہوئے فرمایا:

"حقیقی پاکیزگی اور حقیقی تقویٰ اور طہارت کے حصول کے لئے ضرورت اس امر کی ہے کہ اسی زمانہ شباب و جوانی میں انسان کوشش کرے۔ جبکہ قویٰ میں قوت اور طاقت اور دل میں ایک امنگ اور جوش ہوتا ہے۔"

(ملفوظات جلد 4 صفحہ 197)

## خلافتِ احمدیہ اور مجلس خدام الاحمدیہ

حضرت اقدس مسیح موعودؑ کے بعد اللہ تعالیٰ نے خلافتِ احمدیہ کے نظام کو قائم فرمایا، جس کی بدولت جماعتِ احمدیہ کے تمام افراد باہم مربوط ہیں۔ خلافتِ ثانیہ کے دور میں حضرت خلیفۃ المسیح الثانیؓ نے مجلس خدام الاحمدیہ قائم فرمائی۔ اس تنظیم کے قیام کا مقصد بیان کرتے ہوئے آپؓ فرماتے ہیں:

"میری غرض اس مجلس کے قیام سے یہ ہے کہ جو تعلیم ہمارے دلوں میں دفن ہے اسے ہوا نہ لگ جائے بلکہ وہ اسی طرح نسلاً بعد نسل دلوں میں دفن ہوتی چلی جائے آج وہ ہمارے دلوں میں دفن ہے تو کل وہ ہماری اولاد کے دلوں میں دفن ہو اور پرسوں ان کی اولاد کے دلوں میں۔ یہاں تک کہ یہ تعلیم ہم سے وابستہ ہو جائے ہمارے دلوں کے ساتھ چمٹ جائے اور ایسی صورت اختیار کر لے جو دنیا کے لئے مفید اور بابرکت ہو۔"

(مشعلِ راہ صفحہ 82)

نوجوانوں کی تربیت: حضرت مصلح موعودؓ کی رہنمائی

"قومی نیکیوں کے تسلسل کے قیام کے لئے ضروری ہوتا ہے کہ اس قوم کے بچوں کی تربیت ایسے ماحول اور ایسے رنگ میں ہو کہ وہ ان اغراض اور

مقاصد کو پورا کرنے کے اہل ثابت ہوں جن اغراض اور مقاصد کو لے کر وہ قوم کھڑی ہوئی ہو... جب کوئی قوم ایک خاص مقصد اور مدعا لے کر کھڑی ہوئی ہو تو اس کے لئے ضروری ہوتا ہے کہ وہ اس مقصد اور مدعا کو نوجوانوں کے ذہنوں میں پورے طور پر داخل کرے۔"

(مشعلِ راہ صفحہ 49)

## نوجوانوں میں دینی روح پیدا کرنا

"احباب کو معلوم ہو گا کہ میں نے مجلس خدام الاحمدیہ کی صدارت خود سنبھال لی ہے۔ میں نے یہ قدم اس لئے اٹھایا ہے کہ نوجوانوں کو زیادہ تر دین کی طرف مائل کیا جائے۔ حقیقت یہ ہے روحانی جماعتوں کا اوڑھنا بچھونا سب روحانی ہوتا ہے۔ اس میں کوتاہی ہو جائے تو اصل مقصد فوت ہو جاتا ہے۔"

(مشعلِ راہ صفحہ 634)

## نوجوان قوم کے امین ہیں

"ہماری جماعت کے ہر بچے، ہر جوان، ہر عورت اور ہر مرد کو یہ سمجھ لینا چاہئے کہ ہمارے سپرد اللہ تعالیٰ نے اپنی بادشاہت کو دنیا میں قائم کرنے کا جو اہم کام کیا ہے اس سے بڑھ کر دنیا کی کوئی امانت نہیں ہو سکتی۔ پس اپنی ذمہ داریوں کو سمجھتے ہوئے اسلام احمدیت کی اشاعت میں سرگرمی سے حصہ لو اور اس غرض کے لئے زیادہ سے زیادہ نوجوانوں کو خدمتِ دین کے لئے وقف کر دو تا کہ قیامت تک اسلام کا جھنڈا دنیا کے تمام جھنڈوں سے اونچا لہراتا رہے۔"

(مشعلِ راہ صفحہ 921)

## موجودہ دور اور عالمِ شباب

آج کے دور میں نوجوانوں کو بے شمار فتنوں کا سامنا ہے۔ اخلاقی پستی، گمراہ کن عقائد، مذہب کے نام پر انتہا پسندی اور معصوموں کا قتل یہ سب اسلام کی صحیح تعلیمات سے دوری کا نتیجہ ہے۔ احمدی نوجوانوں پر اللہ کا یہ خاص فضل ہے کہ انہیں خلافتِ احمدیہ کے روحانی نظام کے سائے میں زندگی گزارنے کی سعادت نصیب ہے، جہاں قدم قدم پر رہنمائی میسر ہے۔

حضرت مسیح موعودؑ نے اصلاح کا بنیادی اصول بیان کرتے ہوئے فرمایا:

"جو شخص مصلح بننا چاہتا ہے اسے چاہئے کہ پہلے خود روشن ہو اور اپنی اصلاح کرے۔ پس جو چاہتا ہے کہ قوم کی اصلاح کرے اور خیر خواہی کرے وہ اس کو اپنی اصلاح سے شروع کرے۔ جو نورِ معرفت اور عمل سے بھر کر بولتا ہے وہ بارش کی طرح ہے جو رحمت سمجھی جاتی ہے۔"

(ملفوظات جلد چہارم صفحہ 162)

## نسلوں کا تسلسل: ترقی کی بنیاد

"قوموں کی کامیابی کے لئے کسی ایک نسل کی درستگی کافی نہیں ہوتی۔ جو پروگرام بہت لمبے ہوتے ہیں وہ اسی وقت کامیاب ہو سکتے ہیں جبکہ متواتر کئی نسلیں ان کو پورا کرنے میں لگی رہیں... جب مسلسل کئی نسلیں ان تعلیموں پر عمل کرتی چلی جاتی ہیں تب وہ ایک نئی شکل اختیار کر لیتی ہیں اور دنیا کے لئے حیرت انگیز طور پر مفید بن جاتی ہیں۔"

(مشعلِ راہ صفحہ 81-79)

آخر میں اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ وہ ہمیں ان زریں نصائح پر عمل کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین۔

پس یہ خلافت ہی وہ ذریعہ ہے جو اللہ تعالیٰ نے ہم میں پیدا کیا ہوا ہے جس کے ذریعہ سے ایک اکائی جماعت احمدیہ میں پیدا ہو گئی ہے اور دنیا کے دو سو پندرہ ممالک میں رہنے والا ہر احمدی ایک اکائی بن کر اس نظام سے جڑا ہوا ہے اور اپنی اصلاح کرنے کی کوشش کرتا ہے۔

خطبہ جمعہ فرمودہ 30 مئی 2025



تصویر از شیخ عرفان، قادیان